PRESS RELEASE

# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

مورخہ: 2اگست 2024ء

الیکشن کمیشن آف پاکستان تمام سیاسی جماعتوں کے سربراہان کو الیکشن ایکٹ 2017 کی دفعہ 204 اور 210 اور الیکشن رولز 2017 کے قاعدہ 159 اور 160 کے تحت یاد دلاتا ہے کہ انہیں جون 2024 میں ختم ہونے والے مالی سال 2023-24 کے لیے اپنے اکاؤنٹس کے مربوط گوشوارے الیکشن کمیشن میں 29 اگست 2024 یا اس سے پہلے جمع کروانے ہوں گے۔

2۔ واضح رہے کہ الیکشن ایکٹ 2017 کی دفعہ 210 کا متن ہے کہ کوئی سیاسی جماعت مالی سال کے اختتام کے ساٹھ دن کے اندر کمیشن کو اپنے گوشوارے فارم۔ڈی پر چارٹرڈ اکاؤنٹینٹ کے ذریعے درج ذیل تفصیلات کے ساتھ پیش کرے گی۔

الف۔ سالانہ آمدنی اور اخراجات؛

ب۔ فنڈنگ کے ذرائع؛اور

ج۔ اثاثے اور واجبات

3۔ الیکشن کمیشن کو پیش کی جانے والی تفصیلات سیاسی جماعت کی آڈٹ رپورٹ جو چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ کی طرف سے جاری کی گئی ہو، اور پارٹی سربراہ کی جانب سے مجاز عہدیدار سے دستخط شدہ ہو، جس میں اس بات کی تصدیق کی گئی ہو کہ:

الف۔ الیکشن ایکٹ 2017 کے تحت ممنوعہ ذرائع سے پارٹی کو کوئی فنڈ نہیں ملا،

ب۔ گوشواروں میں پارٹی کی مالی حالت کے بابت درست معلومات موجود ہے۔

ج۔ مذکورہ بالا تفصیلات زیر دستخطی / مجاز عہدیدار کے علم اور یقین کے مطابق درست ہیں۔

د۔ گوشواروں کی منسلک کی گئی تفصیلات رپورٹ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ کی طرف سے آڈٹ شدہ ہے۔

4۔ گوشواروں کی تفصیلات الیکشن ایکٹ 2017 کے مطابق فارم۔ڈی پر جمع کرائی جائیں گی۔ پرنٹ شدہ فارم الیکشن کمیشن سیکریٹریٹ اسلام آباد اور صوبائی الیکشن کمشنرز، پنجاب، سندھ، خیبرپختونخواہ اور بلوچستان کے دفاتر میں مفت دستیاب ہیں۔ فنڈز کے ذرائع کے لیے فارم۔ڈی پر فارما بھی ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

5۔ فارم میں اوور رائٹنگ (over writing) قابلِ قبول نہیں۔ آڈیٹر کے حوالے سے آئی سی اے پی کی جانب سے جاری کردہ رکنیت / سرٹیفیکیٹ کو آخری درست تجدیدی سرٹیفیکیٹ کے ساتھ فارم۔ڈی میں شامل کیا جائے۔

6۔ فارم۔ڈی کے ساتھ 01.07.2023 سے 30.06.2024 کی مدت کے لیے ہر بینک اسٹیٹمینٹ کی کاپی کے ساتھ بینک ریکنسلیشن سٹیٹمنٹ بھی مہیا کرنا ہو گی۔

7۔ مذکورہ سٹیٹمنٹ / فارم بنام سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان، شاہراہ دستور، سیکٹر جی فائیو / ٹو اسلام آباد پر پارٹی عہدیدار کے ذریعے پہنچایا جائے گا، جو کہ الیکشن رولز 2017 کے قاعدہ 156 کے مطابق پارٹی سربراہ کی طرف سے باقاعدہ طور پر مجاز ہو۔ ڈاک، فیکس، کوریئر سروس یا کسی اور طریقے سے موصول ہونے والے موصولات قبول نہیں کیے جائیں گے۔

---

*Office Telephone:* (+92)(51) (9205611)
*Fax:* (+92)(51) (9205300)
*Address:*
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

*Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections*
MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING